Safir TV
Safirnews.in
Safirnews_tv
dailysafir@gmail.com
epaper.safirnews.in

# SAFIR
SAFIRNEWS.IN

روزنامہ
سفیر میل
عوام کی آواز ، سچ کی پہچان

Pages: 04 | Price: Rs 4 | Tuesday 21, July, 2026 | News Editor : Syed Jaffer | Email: dailysafir@gmail.com

# IS THIS THE FACE OF DEMOCRACY?

## Students Continue Sit-In Amid Heavy Police Presence



More than 50 police personnel and over 50 protesters were injured on Monday, July 20, after security personnel used force against Cockroach Janata Party (CJP) supporters during the "Chalo Sansad" march in the New Delhi district.

**New Delhi**: The clash erupted after CJP protesters allegedly pelted stones at the security personnel, prompting a lathi-charge, police sources said. However, videos online show police personnel themselves throwing stones at protesters.

Over 100 protesters were detained and were moved to different police stations in Delhi.Several videos showing police caning protesters in response to the attack and preventing them from attempting to march towards Parliament surfaced on social media.

Police sources said they were verifying the authenticity of all the videos and that appropriate legal action would be taken based on the findings.The injured police personnel and protesters were shifted to hospitals for treatment, while security forces brought the situation under control.

Tear gas was fired at several locations in the New Delhi district to disperse them and keep them away from the Parliament, the sources said.

Police said legal action has been initiated against those involved in the violence, while security has been further intensified across key locations in the high-security district.

Sources said the detainees would be released after verification and legal formalities. Sonam's new messageIn a new handwritten message, Sonam Wangchuk expressed extreme sadness at police brutality on protestors, including school children, and said he has decided to continue fasting.

"I am touched and moved by how the youth have held on to peace despite the provocation," read his letter.

"Police have been absolutely brutal. They have fractured the skulls of many students who were protesting here. Even a 15-year-old girl was brutally beaten up by a male police officer. A male police officer even tried to grab the hair of Sonam Wangchuk's wife, Gitanjali Angmo. They even tried to lathicharge her and drag her out of the tempo," Dipke alleged.

"This shows that our education system, education policies and overall governance in the sector are deeply flawed and affecting every young person.

## پیوٹن رہبر انقلاب سے ٹیلیفونک گفتگو کیلئے تیار

روس ۔20؍جولائی (مہر خبر رساں ایجنسی؍صدائے حسینی) کریملن کے ترجمان دیمتری پیسکوف نے کہا ہے کہ روسی صدر ولادیمیر پیوٹن رہبر انقلابِ اسلامی ایران آیت اللہ سید مجتبیٰ



خامنہ ای سے ٹیلیفونک گفتگو کے لیے تیار ہیں، اگرچہ اس حوالے سے فی الحال کوئی باضابطہ انتظام نہیں کیا گیا۔روسی خبر رساں ایجنسی تاس کے مطابق دیمتری پیسکوف نے بتایا کہ اس وقت صدر پیوٹن اور رہبر انقلاب کے درمیان ٹیلیفونک رابطے کا کوئی شیڈول طے نہیں ہوا، تاہم روسی صدر ایسے کسی بھی رابطے کیلئے آمادہ ہیں۔اس سے قبل ولادیمیر پیوٹن نے آیت اللہ سید مجتبیٰ خامنہ ای کے بطور تیسرے رہبر انقلابِ اسلامی ایران انتخاب پر مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا تھا کہ روس، تہران کا قابل اعتماد شراکت دار بنا رہے گا۔ کریملن کی جانب سے جاری بیان میں صدر پیوٹن کے حوالے سے کہا گیا کہ انہیں یقین ہے کہ آیت اللہ سید مجتبیٰ خامنہ ای اپنے والد کے راستے کو عزت و وقار کے ساتھ آگے بڑھائیں گے۔

## پارلیمنٹ طلبا کی ہے، کسی کی جاگیر نہیں: پرینکا گاندھی

نئی دہلی ۔20؍جولائی (ایجنسی) کانگریس جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی وڈرا نے نئی دہلی میں احتجاجیوں پر پولیس لاٹھی چارج پر مرکز کو نشانہ تنقید بنایا۔انہوں نے کہا کہ حکومت تعلیمی پالیسی کے مسائل پر بحث کے لئے تیار نہیں۔اس کے بجائے وہ طلبا کے ساتھ مار پیٹ کر رہی ہے۔کاکروچ جنتا پارٹی) سی جے پی ( کی اپیل پر طلبا اور مظاہرین نے پارلیمنٹ کی طرف بڑھنے کی کوشش کی تھی۔ پولیس نے آنسو گیس شل برسائے اور لاٹھی چارج کیا۔احتجاجیوں کے خلاف طاقت کے استعمال کے بارے میں پوچھنے پر پرینکا گاندھی نے پارلیمنٹ ہاز کامپلکس میں میڈیا سے کہا کہ یہ مضحکہ خیز ہے۔مظاہرین ہمارے اپنے بچے ہیں۔وہ ملک کا مستقبل ہیں۔یہ پارلیمنٹ ان کی ہے کسی کی ذاتی جاگیر نہیں۔راہول جی کچھ عرصہ سے یہ مسئلہ اٹھا رہے ہیں۔ ہمارا کہنا ہے کہ تعلیمی پالیسی پر جو مسائل ہیں اس پر بحث ہونی چاہئے۔

## گائے ذبح کیس میں 3 ملزمین کو 10، 10 سال قید

مظفر نگر۔20؍جولائی (ایجنسی) اتر پردیش کے مظفر نگر کی فاسٹ ٹریک عدالت نے ہفتہ کے روز 2021 کے گائے ذبح معاملہ میں تین افراد کو 10، 10 سال کی سخت قید کی سزا سنائی اور ہر ایک پر 8 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا۔عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا کہ گائے کو گو ماتا کا درجہ حاصل ہے اور ہندو مذہب میں اسے گہری مذہبی اہمیت حاصل ہے۔ایڈیشنل سیشن جج، فاسٹ ٹریک کورٹ 3-، روی کمار دیواکر نے مظفر نگر کے بدینہ کلاں کے رہنے والے منشاد، اویز اور آصف محمد عرف آشو کو اتر پردیش گائے ذبح کی روک تھام قانون کی دفعات 3، 5 اور 8 کے تحت قصوروار قرار دیا۔

# آبنائے ہرمز میں دو آئل ٹینکر تباہ، کویت میں امریکی اہداف پر حملے




تہران ۔20؍جولائی (مہر خبر رساں ایجنسی؍صدائے حسینی)سپاہ پاسداران انقلاب اسلامی کے شعبہ تعلقات عامہ نے کہا ہے کہ گزشتہ شب دو آئل ٹینکر امریکی فوج کے اکسانے پر آبنائے ہرمز کے جنوبی حصے کے ایک غیر محفوظ اور حادثات کا سبب بننے والے راستے سے گزرنے کی کوشش کر رہے تھے، دھماکے سے تباہ ہوگئے اور اپنی حرکت جاری نہ رکھ سکے۔ بیان میں کہا گیا کہ آبنائے ہرمز ایران کا علاقہ ہے اور ہزاروں کلومیٹر دور موجود امریکی فوج کو اس خطے میں مداخلت کا کوئی قانونی جواز حاصل نہیں۔سپاہ نے انتباہ کیا کہ جب تک امریکہ کی خطے میں کارروائیاں جاری رہیں گی، اس وقت تک اس آبی گزرگاہ سے نہ کھاد اور نہ ہی تیل اور گیس کی محفوظ نقل و حمل ممکن ہوگی۔ بیان میں امریکی فوج کو خبردار کرتے ہوئے کہا گیا کہ وہ اس کارروائی کے بعد ایران کی جوابی کارروائیوں کیلئے تیار رہے۔پاہ نے ایک دوسرے بیان میں اردن کے عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انکی فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر الازرق کے علاقے میں امریکی فوج کے زیر استعمال 20 گوداموں کو میزائل حملوں میں تباہ کیا گیا، جس کے نتیجے میں درجنوں امریکی فوجی ہلاک ہوئے۔اسی بیان میں کہا گیا کہ آپریشن نصر 2 کی اکیسویں لہر کے دوران شہر عقبہ کے ہوائی اڈے پر موجود امریکی فوج کے سی 17 ٹرانسپورٹ طیاروں اور پی 8 کمانڈ اینڈ کنٹرول طیاروں کو بیلسٹک میزائلوں سے نشانہ بنایا گیا، جس سے متعدد طیاروں کو بھاری نقصان پہنچا۔سپاہ نے اپنے بیان میں امریکی فوجیوں کو مہدور الدم قرار دیتے ہوئے دنیا بھر کے مسلمانوں سے اپیل کی گئی کہ جہاں بھی موقع ملے ان کے خلاف کارروائی کریں۔ساتھ ہی اردن کے عوام کا دوبارہ شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا گیا کہ ان کے تعاون سے قدس کی آزادی کی راہ ہموار ہو رہی ہے۔سپاہ پاسداران انقلاب اسلامی نے اپنے تیسرے بیان میں کویت کے عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ان کے ملک کے بعض حصے کئی برسوں سے امریکی فوج کے زیر استعمال ہیں اور انہی اڈوں سے ایران، عراق، افغانستان اور فلسطین کے خلاف کارروائیاں کی جاتی رہی ہیں۔ 140 روز قبل امریکی فوج نے انہی اڈوں سے ایران کے خلاف جنگ کا آغاز کیا تھا، جس کے نتیجے میں میناب کے ایک اسکول میں 168 بچوں اور رہبر معظم امام خامنہ ای کی شہادت واقع ہوئی۔سپاہ نے مزید کہا کہ آپریشن نصر 2 کی بائیسویں لہر کے دوران علی السالم فوجی اڈے پر امریکی فوج کے ابتدائی وارننگ ریڈار سسٹم کو مکمل طور پر تباہ کر دیا گیا، جبکہ ایک الگ حملے میں ہوائی ساز و سامان کے گودام اور ایم کیو 9 ڈرونز کے ہینگر کو نشانہ بنایا گیا، جس سے متعدد ڈرون آگ کی لپیٹ میں آ گئے۔ بیان کے اختتام پر کویت کے عوام سے اپیل کیا گیا کہ وہ امریکی فوج کو اپنی سرزمین پر محفوظ پناہ گاہ فراہم نہ کریں اور اپنی مذہبی و قومی ذمہ داری ادا کرتے ہوئے امریکی فوج کی موجودگی کے خلاف اقدام کریں۔

## تریپورہ کے ڈی جی پی انوراگ دھانکر مشتبہ حالت میں مردہ پائے گئے

تریپورہ ۔ 20؍جولائی (ایجنسی) تریپورہ کے ڈائریکٹر جنرل آف پولیس) ڈی جی پی (انوراگ دھانکر، ہیڈ کوارٹر میں مشتبہ حالت میں مردہ پائے گئے . سمجھا جاتا ہے کہ مبینہ طور پر گن سے خود کو مار لینے کے باعث ان کی خودکشی سے موت ہوگئی۔

## برکت اللہ یونیورسٹی کے نام کی تبدیلی کا فیصلہ نہیں

بھوپال ۔20؍جولائی (ایجنسی) حکومتِ مدھیہ پردیش نے واضح کیا ہے کہ اس نے بھوپال کی برکت اللہ یونیورسٹی کا نام بدلنے کا کوئی فیصلہ نہیں کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ تعلیم اندر سنگھ پرمار نے پیر کے دن ایک سوال کے تحریری جواب میں ریاستی اسمبلی کو یہ بات بتائی۔کانگریس رکن اسمبلی عاطف عارف عقیل نے سوال کیا تھا کہ آیا حکومت 1988 میں قائم ہونے والی یونیورسٹی کا نام بدلنا چاہتی ہے۔انہوں نے یہ بھی پوچھا تھا کہ نیا نام کیا رکھا جانے والا ہے اور اس میں حکومت کی منشا کیا ہے۔وزیر نے واضح طور پر کہا کہ یونیورسٹی کا نام بدلنے کا کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا لہذا سوال کے دوسرے حصہ کا جواب دینے کی ضرورت نہیں۔کانگریس رکن اسمبلی نے یہ بھی پوچھا تھا کہ آیا حکومت ہندوستان کی جدوجہد آزادی میں اہم رول ادا کرنے والے ممتاز انقلابی ڈاکٹر برکت اللہ بھوپالی کو مجاہدِ آزادی مانتی ہے۔اس پر وزیر نے کہا اس میں جانکاری اکٹھا کی جا رہی ہے۔

## آئی پی ایس ٹرینی کے گرنے کی وجہ خودکشی کی کوشش نہیں

حیدرآباد۔20 جولائی (سفیر نیوز؍صدائے حسینی) انڈین پولیس سروس (IPS) کے زیرِ تربیت افسر ایم ادے کرشنا ریڈی، جن کے بارے میں پہلے یہ اطلاع ملی تھی کہ انہوں نے خودکشی کی کوشش کی ہے، پیر کی صبح (20 جولائی) کو بے ہوش ہوگئے۔ڈاکٹروں نے، جوان کا علاج کر رہے ہیں، واقعے کے بارے میں ابتدائی بیان کی تصحیح کرتے ہوئے بتایا کہ یہ صورتِ حال اتوار کی رات سے شراب کے بے تحاشا استعمال کے باعث پیش آئی۔ایس آر نگر کے جینتی ہسپتال میں، جہاں ریڈی صبح سے زیر علاج ہیں، ڈاکٹروں نے بتایا کہ خون کے ٹیسٹ میں ان کے جسم میں کسی زہریلے مادے کی موجودگی کا پتہ نہیں چلا۔ہسپتال میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے ریڈی کے چھوٹے بھائی نے بتایا کہ پیر کی صبح تقریباً 6 بجے ادے کرشنا موتی نگر، ایراگڈا میں ایک خاندانی دوست کے گھر پر بے ہوش پائے گئے، جس کے بعد انہیں فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اب ان کے بھائی کی حالت مستحکم ہے۔